هُوَ الشِّفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤمِنِيْن

# قرآنی آیتوں سے علاج



مکتبہ احسان لکھنؤ

هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

جو مومنوں کے لیے سراسر شفا اور رحمت ہے۔ (۱۷-۸۲)

# قرآنی آیتوں سے علاج

Rs. 40/-

# قرآنی آیتوں سے علاج

مکتبہ احسان لکھنؤ

MAKTABA AHSAN
504/38-1, Tagore Marg, Daliganj, Lucknow-20 (U.P.)
Ph. : 0522-3206907 M. : 9793118234, 9335982413
E-mail : maktabaahsan1@gmail.com

# فہرست

ایمان پر خاتمہ ہو ۱
آنحضور ﷺ کی شفاعت نصیب ہو ۲
قبولیتِ دُعا کے لیے ۳
خیالات پراگندہ ہوں یا دل میں وسوسہ ہو ۴
رزق میں کشادگی ہو ۶
کاروبار میں ترقی ہو ۷
کام اور بوجھ کی آسانی کے لیے ۸
من پسند خریداری کے لیے ۹
پھل میٹھا ہو ۱۱
قرض کی ادائیگی کے لیے ۱۲
رنج و غم دُور کرنے کے لیے ۱۳
چور، ڈاکو اور آگ سے حفاظت ہو ۱۴
سفر میں تحفظ کے لیے ۱۵
منزل پر پڑاؤ خوشگوار ہو ۱۶
کوئی چیز گم ہوگئی ہو ۱۷

| | |
|---|---|
| گمشدہ اور بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لیے | ۱۸ |
| خطرہ اور مصیبت سے نجات کے لیے | ۱۹ |
| خاوند کو راضی کرنا ہو | ۲۰ |
| اولاد کی تمنا ہو | ۲۱ |
| ولادت میں آسانی ہو | ۲۲ |
| اولاد فرمانبردار | ۲۳ |
| دشمن کا خوف دفع کرنا ہو | ۲۴ |
| ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے | ۲۵ |
| زہریلے جانوروں سے حفاظت ہو | ۲۶ |
| سانپ اور بچھو نے کاٹ لیا ہو | ۲۷ |
| کتے کا خوف ہو | ۲۸ |
| ہر مرض کے لیے | ۲۹ |
| سر میں درد ہو | ۳۰ |
| شقیقہ کے لیے | ۳۱ |
| حافظہ کمزور ہو | ۳۲ |
| بھولنے کی بیماری ہو | ۳۳ |
| ہول دلی کے لیے | ۳۴ |

| | |
|---|---|
| نیند نہ آتی ہو | ۳۵ |
| نگاہ کمزور ہو | ۳۶ |
| کان بہرے ہوں | ۳۷ |
| نزلہ اور زُکام ہو | ۳۸ |
| دانت میں درد ہو | ۳۹ |
| زبان میں لکنت ہو | ۴۰ |
| گلے میں زخم یا خراش ہو | ۴۱ |
| سینے میں درد ہو | ۴۲ |
| کھانسی کے لیے | ۴۳ |
| اختلاجِ قلب کے لیے | ۴۴ |
| پیٹ میں درد ہو | ۴۵ |
| بدہضمی ہوگئی ہو | ۴۶ |
| دست کے لیے | ۴۷ |
| خوب پیاس لگتی ہو | ۴۸ |
| بھوک نہ لگتی ہو | ۴۹ |
| خوب بھوک لگتی ہو | ۵۰ |
| جگر کی بیماری کے لیے | ۵۱ |

پتّے کی بیماری کے لیے ۵۲
یرقان میں مبتلا ہو ۵۳
گردے میں تکلیف ہو ۵۴
گردے کی پتھری ہو ۵۵
مثانے کی بیماری کے لیے ۵۷
پیشاب کی بیماری کے لیے ۵۸
پیشاب رُک جائے ۵۹
خوب پیشاب آتا ہو ۶۰
سوزاک کی تکلیف ہو ۶۱
بواسیر کی تکلیف ہو ۶۲
انگوٹھے اور انگلی میں درد ہو ۶۳
گھٹنے میں درد ہو ۶۴
ماں کے دودھ میں زیادتی کے لیے ۶۵
ذیابیطس (شوگر) کی بیماری کے لیے ۶۶
حیض میں بے قاعدگی ہو ۶۷
حیض کا خون کثرت سے آتا ہو ۶۸
خارش کے لیے ۶۹
احتلام کے لیے ۷۰

# ایمان پر خاتمہ

ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھیں۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

(سورۂ آل عمران:۸)

"اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر دے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بہت بڑی عطا دینے والا ہے۔"

## آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت نصیب ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کریمہ کو پڑھیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

(سورۂ توبہ: ۱۲۸، ۱۲۹)

"(لوگو! تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبر آئے ہیں۔ تمہاری تکلیف اُن کو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہش مند ہیں۔ اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والے (اور) مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں (اور نہ مانیں) تو کہہ دو کہ اللہ مجھے کفایت کرتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اُسی پر میرا بھروسا ہے اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔"

# قبولیتِ دُعا کے لیے

دعا کرنے سے پہلے اس آیت کریمہ کو تین دفعہ پڑھیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ق
اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

(سورۂ انبیاء:۸۷)

"تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں۔"

## خیالات پراگندہ ہوں یا دل میں وسوسہ ہو

کثرت سے ان آیتوں کو پڑھیں۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ
وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○

(سورۂ مومنون: ۹۷، ۹۸)

"اے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے پروردگار! اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں۔"

# رزق میں کشادگی ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کو کم از کم سات دفعہ پڑھیں۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۖ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(سورۃ آل عمران: ۲۶، ۲۷)

"کہو کہ اے اللہ (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے۔ ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور تو ہی جس کو چاہتا ہے بیشمار رزق بخشتا ہے۔"

# کاروبار میں ترقی ہو

آیت الکرسی پڑھ کر روزانہ مالِ تجارت پر دم کریں۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ
حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

(سورۃ بقرہ: ۲۵۵)

”اللہ (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ زندہ۔ ہمیشہ رہنے والا۔ اسے نہ اُونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس سے (کسی کی) سفارش کر سکے۔ جو کچھ لوگوں کے روبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب معلوم ہے اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے) اس کی بادشاہی (اور علم) آسمان اور زمین پر حاوی ہے۔ اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں وہ بڑا عالی رُتبہ (اور) جلیل القدر ہے۔“

# کام اور بوجھ کی آسانی کے لیے

ہر نماز کے بعد اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ لیں۔

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ
فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ
وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ
اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○

(سورۂ انفال: ٦٦)

”اب اللہ نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور معلوم کر لیا کہ (ابھی تم میں کسی قدر کمزوری ہے۔ پس اگر تم میں ایک سو ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب رہیں گے اور اگر ایک ہزار ہوں گے تو اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کا مددگار ہے۔“

# من پسند خریداری کے لیے

سامان، کپڑا، گھر اور زمین جائیداد وغیرہ کی خریداری کے وقت دیکھنے بھالنے کے دوران ان آیتوں کو برابر پڑھتے رہیں۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ
يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ
ذَٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ
يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ
صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ
لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا
إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝

(سورۂ بقرہ: ۶۸-۷۰)

''اُنھوں نے کہا اپنے پروردگار سے التجا کیجئے کہ وہ ہمیں یہ بتائے کہ وہ بیل کس طرح کا ہو۔ (موسیٰؑ نے) کہا پروردگار فرماتا کہ وہ بیل نہ تو بوڑھا ہو اور نہ بچھڑا بلکہ ان کے درمیان (یعنی جوان) ہو سو جیسا تم کو حکم دیا گیا ہے ویسا کرو۔ انھوں نے کہا اپنے پروردگار سے درخواست کیجئے کہ ہم کو یہ بھی بتا دے کہ اس کا رنگ کیسا ہو۔ موسیٰؑ نے کہا پروردگار فرماتا ہے کہ اس کا رنگ گہرا زرد ہو کہ دیکھنے والوں (کے دل) کو خوش کر دیتا ہو۔ اُنھوں نے کہا (اب کے) پروردگار سے پھر درخواست کیجئے کہ ہم کو بتا دے کہ وہ اور کس کس طرح کا ہو کیونکہ بہت سے بیل ہمیں ایک دوسرے کے مشابہ معلوم ہوتے ہیں (پھر) اللہ نے چاہا تو ہمیں ٹھیک بات معلوم ہو جائے گی۔''

## پھل میٹھا ہو

پھل کاٹنے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں۔

فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝

(سورۂ بقرہ:۷۱)

''غرض (بڑی مشکل سے) اُنھوں نے اُس بیل کو ذبح کیا اور وہ ایسا کرنے والے تھے نہیں۔''

# قرض کی ادائیگی کے لیے

صبح وشام اس آیت کو کثرت سے پڑھیں۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ
وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(سورۂ آل عمران:۲۶)

"کہو کہ اے اللہ (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے۔ ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔"

# رنج و غم دُور کرنے کے لیے

کثرت سے ان آیتوں کو پڑھیں۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَ النَّهَارِؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(سورۂ انعام: ۱۳)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

(سورۂ فاطر: ۴۱)

''اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے سب اُسی کی ہے۔ اور وہ سنتا جانتا ہے۔''

''اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ ٹل نہ جائیں۔''

## چور، ڈاکو اور آگ سے حفاظت ہو

سونے سے پہلے اس آیت کو تین دفعہ پڑھ لیں۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا۠

(سورۃ بنی اسرائیل: ۱۱۱)

"اور کہو کہ سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے نہ تو کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ اس کی بادشاہی میں کوئی شریک ہے۔ اور نہ اس وجہ سے کہ وہ عاجز و ناتواں ہے کوئی اس کا مددگار ہے اور اس کو بڑا جان کر اس کی بڑائی کرتے رہو۔"

# سفر میں تحفظ کے لیے

روانگی سفر کی مسنون دعائیں پڑھنے کے بعد اس آیت کو پڑھیں۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

(سورہ زخرف: ۱۳)

''وہ (ذات) پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیرِ فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے۔''

## منزل پر پڑاؤ خوشگوار ہو

کسی بستی، شہر یا پکنک کی جگہ پر جائیں تو وہاں داخل ہونے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○

(سورہ مومنون: ۲۹)

"اے پروردگار! ہم کو مبارک جگہ اُتار اور تو ہی سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔"

# کوئی چیز گم ہوگئی ہو

يَا حَفِيظُ (اے نگراں) (۱۱۹) دفعہ پڑھ کر اس آیت کو بھی (۱۱۹) دفعہ پڑھیں۔

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ ط

(سورۂ لقمان: ۱۶)

''پیارے بیٹے! اگر کوئی عمل (بالفرض) رائی کے دانے کے برابر بھی (چھوٹا) ہو پھر وہ (بھی) کسی چٹان میں یا آسمانوں میں (مخفی ہو) یا زمین میں اللہ اسے قیامت کے دن موجود کرے گا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ باریک بین (اور) خبردار ہے۔''

## گمشدہ اور بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کیلئے

دو رکعت نفل پڑھ کر آیت کو (۱۱۹) دفعہ پڑھیں۔ پھر اس کی واپسی کے لیے دعا کریں۔ یہ عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ

(سورۂ قصص:۸۵)

”(اے پیغمبر) جس اللہ نے آپ پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے وہ آپ کو بازگشت کی جگہ لوٹا دے گا۔“

## خطرہ اور مصیبت سے نجات کے لیے

کثرت سے اس آیت کو پڑھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○

(سورۂ آل عمران: ۱۷۳)

”ہم کو اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔“

# خاوند کو راضی کرنا ہو

اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اسے خاوند کو کھلائیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ○

(سورۂ بقرہ: ۱۶۵)

"اور بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر اللہ کو شریکِ (اللہ) بناتے اور ان سے اللہ کی سی محبت کرتے ہیں۔ لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو اللہ کے ہی سب سے زیادہ دوست دار ہیں اور اے کاش ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت اللہ ہی کو ہے اور یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔"

# اولاد کی تمنا

کثرت سے اس آیت کو پڑھیں۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ
ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ
سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ○

(سورۂ آل عمران: ۳۸)

"اے پروردگار! مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما۔ تو بیشک دُعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔"

# ولادت میں آسانی ہو

ولادت کے وقت اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر عورت پر دَم کریں۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(سورۂ انبیاء: ۳۰)

"کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے تو ہم نے جدا جدا کر دیا۔ اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے۔"

## اولاد فرمانبردار ہو

بچے کے نام کو ذہن میں رکھ کر اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھیں۔

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

(سورۂ احقاف: ۱۵)

"اور میرے لیے میری اولاد میں اصلاح (وتقویٰ) دے۔ میں تیرے طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔"

## دشمن کا خوف دفع کرنا ہو

اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر ہاتھ پر دَم کر کے اسے پورے جسم پر پھیر لیں۔

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ز وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ج وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○

(سورۃ انعام: ۱۰۳)

"(وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں۔ اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے۔"

# ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے

ظالم شخص کی موجودگی میں اس آیت کو آہستہ آہستہ پڑھیں۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ
وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ○

(سورۂ مؤمن: ۴۴)

”جو بات میں تم سے کہتا ہوں تم اسے (آگے چل کر) یاد کرو گے۔ اور میں اپنا کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بیشک اللہ بندے کو دیکھنے والا ہے۔“

# زہریلے جانوروں سے حفاظت ہو

صبح وشام ان آیتوں کو پڑھیں۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ○
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ○

(سورۂ صافات: ۷۹-۸۱)

''نوحؑ پر تمام جہانوں میں سلام ہو۔ نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔''

## سانپ اور بچھو نے کاٹ لیا ہو

سانپ اور بچھو کے کاٹنے کے فوراً بعد اس آیت کو پڑھیں۔

نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

(سورۂ نمل: ۸)

"ندا آئی کہ وہ جو آگ میں (تجلی دکھاتا) ہے بابرکت ہے اور وہ جو آگ کے اردگرد ہے۔ اور اللہ جو تمام عالم کا پروردگار ہے پاک ہے۔"

# کتے کا خوف ہو

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ لیں۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۚ

(سورۂ کہف:۱۸)

''اور اُن کا کُتّا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا۔''

# ہر مرض کے لیے

اس آیت کو پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ
شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

(سورۂ بنی اسرائیل: ۸۲)

"اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں
کے لیے شفا اور رحمت ہے۔"

## سر میں درد ہو

سورہ کوثر کو سات دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾
فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾
اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾

(سورہ کوثر)

''(اے محمد) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے۔ تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا۔''

# شقیقہ کے لیے

اس آیت کوایک دفعہ پڑھ کر مریض پر دَم کریں۔

قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰہُ ؕ
قُلۡ اَفَاتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖۤ اَوۡلِیَآءَ لَا
یَمۡلِکُوۡنَ لِاَنۡفُسِہِمۡ نَفۡعًا وَّ لَا ضَرًّا ؕ

(سورۂ رعد: ۱۶)

''ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ (تمہیں ان کی طرف سے) کہہ دو کہ اللہ۔ پھر (ان سے) کہو کہ تم نے اللہ کو چھوڑ کر کیوں کارساز بنایا ہے جو خود اپنے نفع ونقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے۔''

## حافظہ کمزور ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر خود پر یا مریض پر دَم کریں۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰىٓ ۙ
اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

(سورۂ اعلیٰ: ۶، ۷)

"ہم تمہیں پڑھا دیں گے کہ تم فراموش نہ کرو گے، مگر جو اللہ چاہے۔"

## بھولنے کی بیماری ہو

سونے سے پہلے اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھیں۔

سُبۡحٰنَکَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ ۝

(سورۂ بقرہ: ۳۲)

''تو پاک ہے جتنا علم تو نے ہمیں بخشا ہے اس کے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں بیشک تو دانا (اور) حکمت والا ہے۔''

# ہول دلی کے لیے

اس آیت کو کثرت سے پڑھیں۔

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ

(سورۂ رعد: ۲۸)

”جو لوگ ایمان لائے اُن کے دل اللہ کی یاد سے آرام پاتے ہیں۔ یاد رکھو اللہ کی یاد سے دلوں کو تسلی حاصل ہوتی ہے۔“

## نیند نہ آتی ہو

اس آیت کو بستر چھوڑنے سے پہلے گیارہ دفعہ پڑھیں۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی
النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

(سورۂ احزاب: ۵۶)

”اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو! تم بھی پیغمبر پر درود اور سلام بھیجا کرو۔“

## نگاہ کمزور ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کو (۳) دفعہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

(سورۂ ق: ۲۲)

''اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اُٹھا دیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے۔''

# کان بہرے ہوں

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ
وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○

(سورۂ اعراف: ۲۰۴)

''اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو تا کہ
تم پر رحم کیا جائے۔''

## نزلہ اور زکام ہو

کھانے سے پہلے اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر کھانے پر دم کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ○

(سورۂ کہف:۱)

"سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی۔"

## دانت میں درد ہو

سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس آیت کو سات دفعہ پڑھیں اور دائیں ہاتھ پر دَم کر کے متاثر جگہ پر پھیریں۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(سورۂ انعام: ۱۳)

''اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے سب اسی کی ہے۔ اور وہ سنتا جانتا ہے۔''

# زبان میں لکنت ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۙ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ۙ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۠

(سورۂ طٰہٰ: ۲۵-۲۸)

''اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے۔ اور میرا کام آسان کردے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ لوگ میری بات (اچھی طرح) سمجھ سکیں۔''

# گلے میں زخم یا خراش ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دَم کر کے اسے گلے کے اندر پہنچائیں۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۙ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۙ

(سورۂ واقعہ: ۸۳،۸۴)

"بھلا جب رُوح گلے میں آ پہنچتی ہے۔ اور تم اس وقت کی حالت کو دیکھا کرتے ہو۔"

## سینے میں درد ہو

اس آیت کو(۴۱)دفعہ پڑھ کر زمزم کے پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ

(سورۂ توبہ: ۱۴)

''اور مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشے گا۔''

# کھانسی کے لیے

اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

(سورۂ یٰسین: ۵۸)

''پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کہا جائے گا)۔''

# اختلاجِ قلب کے لیے

فجر کی نماز کے بعد اس آیت کو (۲۱) دفعہ پانی میں دَم کر کے اسے (۲۱) دن تک پیتے رہیں۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ○

(سورۂ آل عمران: ۸)

"اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر دے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بہت بڑی عطا دینے والا ہے۔"

## پیٹ میں درد ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کر کے چاٹ لیں۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

(سورۂ نحل:۷۸)

''اور اللہ ہی نے تم کو تمہارے ماؤں کے شکم سے پیدا کیا۔''

## بدہضمی ہوگئی ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کر کے چاٹ لیں۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

(سورۂ بنی اسرائیل:۱۰۵)

"اور ہم نے اس قرآن کو سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا اور (اے محمد) ہم نے تم کو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔"

## دست کے لیے

اس آیت کو ایک ہزار دفعہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے سات
دنوں تک مریض کو پلائیں۔

إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

(سورۂ نحل: ۱۲۸)

"کچھ شک نہیں کہ جو پرہیز گار رہیں اور جو نیکو کار رہیں اللہ ان کا مددگار
ہے۔"

## خوب پیاس لگتی ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖ

(سورۂ مومنون: ۱۸)

"اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا۔
پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا۔"

## بھوک نہ لگتی ہو

اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھ کر کھانے پر دَم کر کے مریض کو کھلائیں۔

هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝

(سورۂ شعراء:۷۹)

''وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔''

# خوب بھوک لگتی ہو

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دَم کر کے کھانا کھانے سے پہلے پی لیں۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۝

(سورۂ ذاریات: ۲۲)

"اور تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے۔"

## جگر کی بیماری کے لیے

روزانہ اس آیت کو پڑھ کر پانی میں دَم کرکے مریض کو پلائیں۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۟

(سورۂ رحمٰن: ۷۸)

''(اے محمد) تمہارا پروردگار جو صاحبِ جلال وعظمت ہے وہ بڑا بابرکت ہے۔''

## پتّے کی بیماری کے لیے

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کر کے پی لیں۔

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ۝

(سورۂ طٰہٰ: ۵)

"رحمٰن جو عرش پر قائم ہے۔"

## یرقان میں مبتلا ہو

اس آیت کو (۱۰۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○

(سورۂ حشر:۱)

"جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں (سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔"

# گردے میں تکلیف ہو

سورۂ قریش کو ایک دفعہ پڑھ کر کھانے پر دَم کر کے مریض کو کھلائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ۝ اٖلٰفِہِمۡ رِحۡلَۃَ الشِّتَآءِ وَ الصَّیۡفِ ۝ فَلۡیَعۡبُدُوۡا رَبَّ ہٰذَا الۡبَیۡتِ ۝ الَّذِیۡۤ اَطۡعَمَہُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۬ۙ وَّ اٰمَنَہُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ۝

''قریش کے مانوس کرنے کے سبب۔ (یعنی) اُن کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب۔ پس (لوگوں کو) چاہیے کہ (اس نعمت کے شکر میں) اس گھر کے مالک کی عبادت کریں۔ جس نے انہیں بھوک میں کھانا دیا اور ڈر (وخوف) میں امن (وامان) دیا۔''

# گردے میں پتھری ہو

اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے کچھ دنوں تک پیتے رہیں۔

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ
يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ حَتّٰىٓ إِذَآ أَقَلَّتْ
سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ
فَأَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَأَخْرَجْنَا بِهٖ
مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۚ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ
الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○

(سورۂ اعراف: ۵۷)

''اور وہی تو ہے جو اپنی بارانِ رحمت (یعنی مینہہ) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری (بنا کر) بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ بھاری بھاری بادلوں کو اُٹھا لیتی ہیں تو ہم اس کو ایک مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر بادل سے مینہہ برساتے ہیں پھر مینہہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ہم مُردوں کو (زمین سے) زندہ کر کے باہر نکالیں گے۔ تاکہ تم نصیحت پکڑو۔''

## مثانے کی بیماری کے لیے

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔ یہ عمل گیارہ دن تک جاری رکھیں۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○

(سورۂ زمر: ۵۳)

”اے میرے بندو! جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا۔ اللہ تو سب گناہوں کو بخش دیتا ہے (اور) وہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔“

# پیشاب کی بیماری کے لیے

اس آیت کو روزانہ (۱۰۱) دفعہ پڑھیں۔

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ
حَیٍّ ط اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ○

(سورۂ انبیاء: ۳۰)

''اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے۔''

# پیشاب رُک جائے

سورۂ اخلاص گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دَم کر کے پی لیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ○ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ○ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

"کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے۔ (وہ) معبود برحق بے نیاز ہے۔ نہ کسی کی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا۔ اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔"

## خوب پیشاب آتا ہو

اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھ کر شکر پر دَم کر کے مریض کو چٹائیں یا میٹھی چیز بنا کر اسے کھلائیں یا پلائیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ ۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۚ

(سورۂ مومنون: ۱۸)

''اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا اور ہم اس کے نابود کر دینے پر قادر ہیں۔''

# سوزاک کی تکلیف ہو

نماز کے بعد اس آیت کو سات دفعہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۝

(سورہ بقرہ: ۱۶۳)

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
"اس بڑے مہربان اور رحم والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔"

## بواسیر کی تکلیف ہو

اس آیت کو پڑھ کر بازو پر دم کریں۔

لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيرًا ۝

(سورۂ دہر: ۱۳)

’’وہاں نہ دھوپ (کی حدت) دیکھیں گے اور نہ سردی کی شدت۔‘‘

## انگوٹھے اور اُنگلی میں درد ہو

اس آیت کو (۳۰۰) دفعہ پڑھ کر تل کے تیل پر دَم کر کے اُنگلی اور انگوٹھے پر مَل لیں۔

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۙ

(سورۂ واقعہ:۱۹)

''اس سے نہ تو سر میں درد ہوگا اور نہ ان کی عقلیں زائل ہوں گی۔''

# گھٹنے میں درد ہو

اس آیت کو پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ
فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ
الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ

(سورۂ بقرہ: ۱۸۶)

"اور (اے پیغمبر!) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔"

# دودھ میں زیادتی کے لیے

ماں اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی پر دَم کر لیں اور اسے (۲۱) دن تک پیتی رہیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○

(سورۂ قصص: ۷)

''اور ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی بھیجی کہ اس کو دودھ پلاؤ جب تم کو اس کے بارے میں کچھ خوف پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ رنج کرنا۔ ہم اس کو تمہارے پاس واپس پہنچا دیں گے اور (پھر) اسے پیغمبر بنا دیں گے۔''

## ذیابیطس (شوگر کی بیماری ہو

شوگر کا مریض روزانہ اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھے۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾

(سورۂ بنی اسرائیل: ۸۰)

”میرے پروردگار! مجھے جہاں لے جا اچھی طرح لے جا اور جہاں سے نکال اچھی طرح نکال اور میرے لیے اپنے پاس سے غلبہ اور امداد مقرر فرمادے۔“

# حیض میں بے قاعدگی ہو

اس آیت کو (۳۴۱) دفعہ پڑھ کر زم زم کے پانی میں دَم کر کے روزانہ پیئیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

(سورۂ انبیاء: ۸۷)

"تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں۔"

# حیض کا خون کثرت سے آتا ہو

سورۂ کوثر روزانہ (۳۰۳) دفعہ پڑھ کر بارش کے پانی میں دم کر کے پی لیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ۠

"(اے محمد) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے۔ تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا۔"

# خارش کے لیے

(۴۱) دن تک روزانہ صبح وشام اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پیتے رہیں۔

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۚ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ؕ

(سورۃ مومنون: ۱۴)

''پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا۔ پھر اس کو نئی صورت میں بنا دیا۔ تو اللہ سب سے بہتر بنانے والا بڑا بابرکت ہے۔''

# احتلام کے لیے

سونے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي
الْاٰخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

(سورۂ یونس: ٦٤)

''اُن کے لیے دنیا کی زندگی میں ہی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔
اللہ کی باتیں بدلتی نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔''

# क़ुरआनी आयतों से इलाज



## ❖ دارالمؤلفین ٹیلگرام چینل ❖

دارالمؤلفین - اردو، فارسی، عربی اور انگریزی - کتب کا ایک بڑا اور نہایت کارآمد ٹیلیگرام چینل ہے۔ جس میں آپ کو سات ہزار سے زائد کتابوں کا عظیم ترین ذخیرہ، ہر موضوع پر الگ الگ فہرستیں، نیز مشہور مصنفین کی الگ الگ فہرستیں آپ کو ملیں گی۔ جیسے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) عقائد و علم کلام | (2) تفسیر | (3) علوم القرآن | (4) احادیث |
| (5) علوم الحدیث | (6) شروحات حدیث | (7) فقہ | (8) اصول فقہ |
| (9) احکام و مسائل | (10) بلاغت | (11) منطق و فلسفہ | (12) نحو و صرف |
| (13) ادب؛ عربی، فارسی، اردو | (14) سیرت رسول اکرم ﷺ | (15) سیرتِ صحابہ | (16) سیرتِ اکابر |
| (17) تازہ ترین رسائل و جرائد | (18) درس نظامی (مکمل) | (19) درود و دعائیں | (20) رد فرق باطلہ |

☆ Join & Share ☆

https://telegram.me/darulmuallifeen

## ❖ فہرست کتب ٹیلگرام چینل ❖

دار المؤلفین ٹیلگرام چینل میں اپلوڈ کی گئی؛ ایک سے زائد جلدوں والی کتب کی فہرست، مشہور شخصیات کی کتب کی فہرست اور درس نظامی کی (درجہ تا دورۂ حدیث و تکمیلات) کتب کی فہرست نیز فن اور موضوع کے اعتبار سے الگ الگ فہرست تیار کی گئی ہیں۔

☆ Join & Share ☆

http://telegram.me/darulmuallifeenfehrist

## ❖ رہنمائے خطباء ٹیلگرام چینل ❖

خطباءِ عظام کے لیے حالات حاضرہ کے مطابق خطبات و بیانات، مقالات مضامین اور ماہنامے سے مختلف عنوانات پر قیمتی مواد ڈاؤن لوڈ لنکس سمیت فہرست یا پی، ڈی، ایف کی شکل میں ارسال کی جاتی ہے۔

☆ Join & Share ☆

https://telegram.me/rahnuma_e_khutaba

## دارالمؤلفین ٹیلگرام چینل